| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ______________<br><br>جوابی کاپی نمبر: ______________ | **سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**<br>**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**<br>درجہ: **خاصہ سال اول** — پرچہ: **پہلا** — مضمون: **التفسیر و تاریخہ+الحدیث**<br>تاریخ: **12-02-2024** — دن: **پیر** — کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** — کل نمبر: **75** | KANZUL MADARIS BOARD |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: قیامت کے دن کو "یوم الاخر" کیوں کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2: "و المخادعة۔۔۔کعاقبت اللص "میں "مخادعة""عاقبت اللص "کی طرح کیسے ہے؟

سوال نمبر 3: "وَنَحۡنُ نُسَبِّحُ بِحَمۡدِکَ "میں فرشتوں کی کون سی تسبیح مراد ہے؟

سوال نمبر 4: فرعون کس سبب سے بنی اسرائیل کے بچوں کو مارتا اور عورتوں کو زندہ چھوڑ دیا کرتا تھا؟

سوال نمبر 5: "لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَلَكُم مَّا كَسَبۡتُمۡ "میں "کم" سے خطاب کن کو کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 6: "فَإِنۡ ءَامَنُواْ بِمِثۡلِ مَآ ءَامَنتُم بِهِۦ فَقَدِ ٱهۡتَدَواْ "میں "امنوا" کا فاعل کون ہیں؟

سوال نمبر 7: "فَٱذۡكُرُونِيٓ أَذۡكُرۡكُمۡ "میں رب کریم نے کس طرح ذکر کرنے کا حکم فرمایا ہے؟ جلالین کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: "فَقُلۡنَا لَهُمۡ كُونُواْ قِرَدَةً خَٰسِـِٔينَ "میں "خٰسئین "کا معنی جلالین کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: "فَجَعَلۡنَٰهَا نَكَٰلٗا لِّمَا بَيۡنَ يَدَيۡهَا وَمَا خَلۡفَهَا وَمَوۡعِظَةٗ لِّلۡمُتَّقِينَ "نصیحت حاصل کرنے کے لئے متقین کو کیوں خاص کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 10: "فَلَوۡلَا فَضۡلُ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهُۥ لَكُنتُم مِّنَ ٱلۡخَٰسِرِينَ "آیت میں فضل و رحمت سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 11: امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے والد کے ساتھ کون سے سال حج کیا؟

سوال نمبر 12: حدیث جبریل کی روشنی میں بتائیے کہ ایمان کیا ہے؟

سوال نمبر 13: بچپن میں فوت ہونے والے جنت میں جائیں گے یا نہیں اس کے بارے میں امام اعظم کی کیا رائے ہے؟

سوال نمبر 14: اہلسنت کے کون سے عقیدے کا انکار کرنے والوں کو حدیث مبارکہ میں دجال کا گروہ کہا گیا ہے؟

سوال نمبر 15: آیت مبارکہ "عَسَىٰٓ أَن يَبۡعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامٗا مَّحۡمُودٗا "میں نبی کریم ﷺ کے فرمان کے مطابق مقام محمود سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 16: علم کی فضیلت پر کوئی ایک روایت مع ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: موزوں پر مسح کی مدت مقیم و مسافر کے لئے کتنی ہے؟

سوال نمبر 18: عندالاحناف مرد کے ستر میں ناف اور گھٹنے شامل ہیں یا نہیں؟

سوال نمبر 19: "لاتشد الرحال الا الی ثلاثة مساجد "میں "ثلاثة مساجد" سے کون سی مسجدیں مراد ہیں؟

سوال نمبر 20: امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رفع یدین کے متعلق مکالمہ کن سے ہوا تھا؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: تفسیر و تاویل کی شرعی تعریف و حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "إِنَّ فِي خَلۡقِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وما فيهما من العجائب وَٱخۡتِلَٰفِ ٱلَّيۡلِ وَٱلنَّهَارِ بالذهاب والمجيء و الزيادة و النقصان وَٱلۡفُلۡكِ السفن ٱلَّتِي تَجۡرِي فِي ٱلۡبَحۡرِ" ترجمہ کرتے ہوئے اغراض مفسر تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: "وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتُواْ ٱلزَّكَوٰةَ وَٱرۡكَعُواْ مَعَ ٱلرَّٰكِعِينَ "آیت کریمہ کا شان نزول تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: "قراءت خلف الامام "کے متعلق احناف کا مؤقف بالتفصیل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: کف ثوب اور سجدے میں بازو زمین پر بچھانے کا شرعی حکم حدیث مبارکہ کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال اول** | پرچہ: **پہلا** | مضمون: **التفسیر و تاریخہ + الحدیث**

تاریخ: **12-02-2024** | دن: **پیر** | کل وقت: **30 منٹ** | کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: ___________ دستخط نگران مرکز امتحان: ___________ دستخط مفتش: _________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25=25x1)**

سوال نمبر 1: "وَمَا یَخدِعُوْنَ" کی کون سی دوسری قراءت جلالین میں بیان کی گئی ہے؟

(الف) وَمَا یُخدَعُوْنَ (ب) وَمَا یَخدِعُوْنَ (ج) وَمَا یَخدَعُوْنَ (د) وَمَا تُخدِعُوْنَ

سوال نمبر 2: منافقین جب اپنے سرداروں کی طرف آتے تو کہتے: "ہم تمہارے ساتھ ہیں" تو ان کا ساتھ ہونا کس چیز میں تھا؟

(الف) دنیا (ب) کاروبار (ج) دین (د) دوستی

سوال نمبر 3: "یکاد" کا معنی ہے۔

(الف) یقرب (ب) یجعل (ج) یکون (د) یاخذ

سوال نمبر 4: "یایھا الناس اعبدوا ربکم" میں خطاب ہے۔

(الف) مکہ والوں سے (ب) مدینہ والوں سے (ج) طائف والوں سے (د) نجد والوں سے

سوال نمبر 5: "وَ اُتُوْا بِہٖ مُتَشَابِھًا" جنتیوں کو جو پھل دیے جائیں گے وہ کس چیز میں دنیا کی طرح ہونگے؟

(الف) ذائقے (ب) رنگ (ج) تعداد (د) وزن

سوال نمبر 6: تفسیر جلالین میں ابلیس کو کیا کہا گیا ہے؟

(الف) راس الجن (ب) ابو الجن (ج) رؤوس الجن (د) ابن الجن

سوال نمبر 7: "و امنوا بما انزلت مصدقا لما معکم" میں تصدیق کرنے والی کتاب سے کون سی کتاب مراد ہے؟

(الف) توریت (ب) انجیل (ج) قرآن (د) زبور

سوال نمبر 8: "و اذ نجینکم من ال فرعون" میں "کم" ضمیر کی تفسیر کس سے کی گئی ہے؟

(الف) انفسکم (ب) آباءکم (ج) غیرکم (د) نساءکم

سوال نمبر 9: بنی اسرائیل کو بچھڑے کی پوجا کرنے کے سبب توبہ کا کون سا طریقہ بتایا گیا؟

(الف) نماز پڑھنا (ب) گھر چھوڑ دینا (ج) اپنے آپ کو قتل کرنا (د) صدقہ کرنا

سوال نمبر 10: "و اذ قلنا ادخلوا ھذہ القریۃ" میں "القریۃ" سے کیا مراد ہے؟

(الف) بیت المقدس (ب) مکہ (ج) مدینہ (د) بغداد

سوال نمبر 11: "و قالوا لن تمسنا النار الا ایاما معدودۃ" میں "ایام" سے کتنے دن مراد ہیں؟

(الف) 120 دن (ب) 40 دن (ج) 90 دن (د) 1 سال

سوال نمبر 12: "و لقد اتینا موسی الکتاب" میں "الکتاب" سے کون سی کتاب مراد ہے؟

(الف) توریت (ب) انجیل (ج) قرآن (د) زبور

سوال نمبر 13: "و ایدنہ بروح القدس" میں "روح القدس" سے کیا مراد ہے؟

(الف) جبرائیل (ب) میکائیل (ج) اسرافیل (د) عزرائیل علیہم السلام

سوال نمبر14: کون سے فرشتے صحابہ کرام کو انسانی صورت میں دین سکھانے آئے تھے؟

(الف) حضرت جبرائیل (ب) حضرت میکائیل (ج) حضرت اسرافیل (د) حضرت عزرائیل علیہم السلام

سوال نمبر15: "و ینزل الغیث" میں "الغیث" سے کیا مراد ہے؟

(الف) بادل (ب) بارش (ج) دھواں (د) اطمینان

سوال نمبر16: "انقذبی نسمۃمن النار" میں "نسمۃ" سے کیا مراد ہے؟

(الف) ذی روح مخلوق (ب) جمادات (ج) درخت (د) پتے

سوال نمبر17: نبی کریم ﷺ نے کون سے صحابی سے فرمایا؟ "و ان زنی، و ان سرق و ان رغم انف۔۔۔"

(الف) قیس بن ثابت (ب) ابو درداء (ج) حسان بن ثابت (د) عدی بن حاتم رضوان اللہ تعالی علیہم

سوال نمبر18: "ھذامن خدع الشیطان و حبائلہ" میں "حبائل" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) چغلی (ب) مذاق (ج) چال (د) جال

سوال نمبر19: "و صاروا فحما" میں "فحم" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) چیونٹی (ب) انگارہ (ج) کوئلہ (د) لوہا

سوال نمبر20: " اجتمعت علیہ الحیات و العقارب" میں "العقارب" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) سانپ (ب) بچھو (ج) نیولا (د) الو

سوال نمبر21: "لا یبولن احدکم فی الماءالدائم" میں "الماءالدائم" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) ناپاک پانی (ب) ٹھہرا ہوا پانی (ج) جاری پانی (د) پاک پانی

سوال نمبر22: "یبول علی سباطۃقوم" میں "سباطۃ" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) مجلس (ب) میدان (ج) کوڑا کرکٹ (د) پہاڑی

سوال نمبر23: "اکل النبی ﷺ مرقا بلحم" میں "مرق" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) بوٹی (ب) شوربہ (ج) بازو (د) کدو

سوال نمبر24: حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے وضو کرتے وقت اپنے چہرے کو کتنی مرتبہ دھویا؟

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)7

سوال نمبر25: "ویل للعراقیب" میں "عراقیب" کا معنی کیا ہے؟

(الف) ایڑیاں (ب) گھٹنے (ج) کہنیاں (د) بازو

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: خاصہ سال اول | پرچہ: دوسرا | مضمون: العقیدۃ

تاریخ: 13-02-2024 | دن: منگل | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: عقیدہ تصرف پر حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی مقام زوراء والی روایت کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: نبی کریم ﷺ کے تصرف کے متعلق یہ بات کس نے کہی کہ اگر ہم ایک لاکھ بھی ہوتے تب بھی پانی کافی ہوتا اس وقت تو ہماری تعداد 1500 ہے۔

سوال نمبر 3: حضرت عتبہ بن فرقد رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جسم سے خوشبو کیوں آتی تھی؟

سوال نمبر 4: حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کرنے والے بدبخت کا نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: حضور غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کے چیل پر تصرف کرنے والے واقعے کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: حضور غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ نے دریائے دجلہ سے بذریعہ سیلاب بغداد آنے والے پانی کو کیسے روکا؟

سوال نمبر 7: غیب کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وہ روایت جو علم غیب پر دلالت کرتی ہے اس کو مختصرا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: حضرت عیسی علیہ السلام کا غیب پر دلالت کرنے والا عقیدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: حضرت عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے متعلق نبی کریم ﷺ نے کیا فرمایا تھا؟

سوال نمبر 11: ولی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 12: زمانہ فاروقی میں آنے والے زلزلے سے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا فرمایا؟

سوال نمبر 13: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مدینہ منورہ میں اینٹیں بناتے ہوئے سورج پر کیا تصرف تھا؟

سوال نمبر 14: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت کیا تھی؟

سوال نمبر 15: عقیدہ تعظیم کا کیا مطلب ہے؟

سوال نمبر 16: امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کی تعظیم حدیث کے متعلق حضرت ابو مصعب کی روایت کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: صاحب ہدایہ کا نام اور لقب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: امام تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا تعظیم کے متعلق کیا عقیدہ تھا؟

سوال نمبر 19: نبی کریم ﷺ کے جسم بے سایہ کے متعلق اہلسنت کا کیا عقیدہ ہے؟

سوال نمبر 20: وسیلہ کسے کہتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: روزے کی حالت میں اپنے اوپر کفارہ لازم کرنے والے صحابی کا واقعہ اس انداز میں تحریر کیجئے کہ عقیدہ تصرف واضح ہو جائے۔

سوال نمبر 2: خندق کھودتے ہوئے حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضور ﷺ کی دعوت کرنے والا واقعہ مکمل تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کا علم کلام سے شغف رکھنے والا واقعہ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: جنگ موتہ کے متعلق امام بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی روایت تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: اہل مکہ کے طلب کرنے پر حضور ﷺ نے کون سا معجزہ دکھایا؟ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کو تفصیلی بیان کیجئے۔

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

رول نمبر: ____________

درجہ: خاصہ سال اول | پرچہ: دوسرا | مضمون: العقیدۃ

تاریخ: 13-02-2024 | دن: منگل | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

دستخط طالب علم: __________

مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط مفتش: __________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: چاند کے دو ٹکڑوں کو مکہ والوں نے کہاں پر دیکھا؟

(الف) جبل حرا (ب) جبل رحمت (ج) جبل ثور (د) جبل احد

سوال نمبر 2: نون کے عدد باعتبار ابجد کتنے ہیں؟

(الف) 20 (ب) 40 (ج) 50 (د) 60

سوال نمبر 3: مقام زوراء پر نبی کریم ﷺ کی انگشت مبارک کی برکت سے وضو کرنے والے افراد کی تعداد تقریبا کتنی تھی؟

(الف) 300 (ب) 400 (ج) 500 (د) 600

سوال نمبر 4: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کس سے کہا کہ ہم تو معجزات کو باعث برکت سمجھتے تھے؟

(الف) حضرت عمرو بن عاص (ب) حضرت خزیمہ (ج) حضرت علقمہ (د) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 5: کون سے دن نبی کریم ﷺ کی انگشت مبارک کی برکت سے 1500 افراد نے پانی پیا اور وضو کیا؟

(الف) صلح حدیبیہ (ب) احد (ج) تبوک (د) بدر

سوال نمبر 6: آپ ﷺ کے لعاب دہن کی برکت سے حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کو کون سے مرض سے شفا ملی؟

(الف) دکھتی آنکھ (ب) پھنسیاں (ج) پنڈلی کا زخم (د) ہاتھ کا کٹنا

سوال نمبر 7: حضرت عتبہ بن فرقد رضی اللہ تعالی عنہ کی چار ازواج میں سے کتاب میں ذکر کردہ بیوی کا نام کیا ہے؟

(الف) حضرت ام ایمن (ب) حضرت ام عاصم (ج) حضرت ام کلثوم (د) حضرت ام ہانی

سوال نمبر 8: ابو رافع یہودی کو قتل کرنے والے خوش نصیب صحابی کا نام بتائیں۔

(الف) حضرت عبداللہ بن عتیک (ب) حضرت ابو بردہ (ج) حضرت اقرع بن حابس (د) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنھن

سوال نمبر 9: ابو رافع یہودی کو قتل کرنے والے صحابی کے ساتھ جو حادثہ پیش آیا اس حادثے میں انہیں کون سی تکلیف پہنچی تھی؟

(الف) دکھتی آنکھ (ب) پھنسیاں (ج) پنڈلی کا ٹوٹنا (د) ہاتھ کا کٹنا

سوال نمبر 10: نبی کریم ﷺ نے کون سے صحابی سے فرمایا: اگر تم چپ رہتے تو جب تک میں دست مانگتا رہتا تم دیتے رہتے؟

(الف) حضرت عبداللہ بن عتیک (ب) حضرت ابو بردہ (ج) حضرت ابو رافع (د) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 11: مسلمان پر زندگی میں کتنے حج فرض ہیں/ہے؟

(الف) 1 (ب) 2 (ج) 3 (د) 4

سوال نمبر 12: نبی کریم ﷺ نے کون سے صحابی کو چھ ماہ کے بکری کے بچے کی قربانی کی اجازت عطا فرمائی؟

(الف) حضرت عبداللہ بن عتیک (ب) حضرت ابو بردہ (ج) حضرت ابو رافع (د) حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 13: مادر زاد اندھے کو شفا دینے والے کون سے نبی کا ذکر قرآن کریم میں صراحتاً موجود ہے؟

(الف) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ب) حضرت عیسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت ابراہیم علیہ السلام (د) حضرت داؤد علیہ السلام

سوال نمبر14: حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کون سی پشت میں شجرہ نسب سرکار اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے؟

(الف) چھٹی (ب)ساتویں (ج)آٹھویں (د)نویں

سوال نمبر15: حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کنیت کیا تھی؟

(الف) ابو حمزہ (ب) ابو بردہ (ج) ابو رافع (د) ابو زبیر رضی اللہ عنہم

سوال نمبر16: امام بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا نام کیا تھا؟

(الف) محمد (ب)احمد (ج)اسماعیل (د)عیسی

سوال نمبر17: بخاری میں مکررات کو نکالنے کے بعد تقریباً کتنی روایتیں باقی رہتی ہیں؟

(الف)3500 (ب)4000 (ج)4500 (د)5000

سوال نمبر18: کون سے صحابی حدیثیں یاد کرنے کے بعد بھول جایا کرتے، پھر نبی کریم ﷺ کے تصرف سے وہ کسی حدیث کو کبھی نہیں بھولے؟

(الف) حضرت ابوہریرہ (ب) حضرت ابو بردہ (ج) حضرت ابو رافع (د) حضرت عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم

سوال نمبر19: امام مسلم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا لقب کیا تھا؟

(الف)محی الدین (ب)محی السنۃ (ج)عساکر الدین (د)تاج الفقہاء

سوال نمبر20: امام ابو منصور ماتریدی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا مزار مبارک کہاں ہے؟

(الف) سمرقند (ب)مدینہ (ج) دہلی (د) کویت

سوال نمبر21: امام مسلم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کب پیدا ہوئے؟

(الف)204ھ (ب)304ھ (ج)404ھ (د)504ھ

سوال نمبر22: امام مسلم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کتنی حدیثوں میں سے مسلم شریف کا انتخاب کیا؟

(الف)2لاکھ (ب)3لاکھ (ج)4لاکھ (د)5لاکھ

سوال نمبر23: امام بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے کون سی کتاب چاند کی روشنی میں تحریر فرمائی؟

(الف) تفسیر کبیر (ب)الادب المفرد (ج) تاریخ کبیر (د) صحیح بخاری

سوال نمبر24: کس کے یہ کہنے پر زمین کا زلزلہ فوراً بند ہو گیا" ٹھہر جا کیا میں نے تجھ پر عدل نہیں کیا"۔

(الف) حضرت عثمان (ب) حضرت علی (ج) حضرت عمر (د) حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہم

سوال نمبر25: شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو یہ کس نے کہا؟ اے شہاب الدین! تم مشاہرین کے آخری فرد ہو۔

(الف) حضور غوث پاک (ب) حضرت شیخ علی جوفی (ج) حضرت داتا علی ہجویری (د) حضرت فرید الدین گنج شکر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال اول** | پرچہ: **تیسرا** | مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **14-02-2024** | دن: **بدھ** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: بیع میں ایجاب کے باطل ہونے کی کیا صورت ہے؟

سوال نمبر 2: ادھار بیع کب جائز ہے؟

سوال نمبر 3: "من باع صبرة طعام كل قفيز بدرهم جاز البيع في قفيز واحد" نفس مسئلہ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: پھل لگے درخت میں درخت کو بیچا تو پھل کس کے ہونگے؟

سوال نمبر 5: "واجرة وزان الثمن" ثمن کا وزن کرنے والے کی اجرت کس کے ذمہ لازم ہے؟

سوال نمبر 6: بیع میں خیار شرط کس کس کو حاصل ہے؟

سوال نمبر 7: "ومن شرط له الخيار فله ان يفسخ في مدة الخيار" نفس مسئلہ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 8: جس کو خیار رویت حاصل ہو اور وہ مر جائے تو خیار کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 9: چھوٹے غلام میں بیع و شراء کے حوالے سے پائے جانے والے کوئی 3 عیب بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: "ومن اشترى عبدا فاعتقه او مات عنده ثم اطلع على عيب رجع بنقصانه" نفس مسئلہ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 11: اقالہ کا اختیار کس کس کو حاصل ہے؟

سوال نمبر 12: اسباب حجر کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 13: "ومن مات ابوه فاقر باخ لم يثبت نسب اخيه منه ويشاركه في الميراث" نفس مسئلہ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 14: اجارہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: صلح کی تین قسمیں کون کون سی ہیں؟

سوال نمبر 16: کوئی سے تین الفاظ تحریر کیجئے جس سے ہبہ منعقد ہو جاتا ہے۔

سوال نمبر 17: امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک واقف کی ملکیت وقف سے کب زائل ہوتی ہے؟

سوال نمبر 18: غیر مثلی شیٔ غاصب سے ہلاک ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 19: ودیعت کا حکم کیا ہے کہ اگر مودَع سے ہلاک ہو جائے تو کیا تاوان لازم ہوگا یا نہیں؟

سوال نمبر 20: عاریت کسے کہتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: بیع فاسد کی تعریف کرتے ہوئے بیع فاسد کی 7 مثالیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "نهى رسول الله ﷺ عن النجش وعن السوم على سوم غيره وعن تلقي الجلب"

عبارت کی تشریح اس انداز سے کیجئے کہ آنے والی تمام اصطلاحات واضح ہو جائیں۔

سوال نمبر 3: "واذا فصد الفصاد او بزغ البزاغ ولم يتجاوز الموضع المعتاد فلا ضمان عليها فيما عطب من ذلك وان تجاوزه ضمن"

اعراب لگا کر نفس مسئلہ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 4: شرکت مفاوضہ کی تعریف اور اس کے کوئی سے دو حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: ریشم سے تعلق رکھنے والے کوئی 4 مسائل بیان کیجئے۔

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنز المدارس بورڈ پاکستان

درجہ: خاصہ سال اول | پرچہ: تیسرا | مضمون: الفقہ

تاریخ: 14-02-2024 | دن: بدھ | کل وقت: 30 منٹ | کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ___________ دستخط نگران مرکز امتحان: __________ دستخط ممتحن: __________

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "فاذا اوجب احد المتعاقدین البیع" میں "المتعاقدین" سے کیا مراد ہے؟

(الف) واہب و موہوب (ب) واقف و موقوف (ج) بائع و مشتری (د) اجیر و مستاجر

سوال نمبر 2: "ویجوز بیع الطعام والحبوب کلھا مکایلة و مجازفة" میں "مجازفة" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) اندازہ (ب) ادھار (ج) نقد (د) گننا

سوال نمبر 3: گندم کی ڈھیری یہ کہہ کر بیچنا کہ ہر قفیز ایک درہم کے بدلے تو امام ابو یوسف کے نزدیک کتنے قفیز میں بیع درست ہوگی؟

(الف) 1 (ب) 10 (ج) تمام (د) 100

سوال نمبر 4: یہ کہہ کر بکریوں کا ریوڑ بیچا کہ ہر بکری ایک درہم کے بدلے تو کتنی بکریوں میں بیع درست ہے؟

(الف) 0 (ب) 1 (ج) 10 (د) تمام

سوال نمبر 5: "ویجوز بیع الحنطة فی سنبلھا" میں "سنبل" کا معنی کیا ہے؟

(الف) ریوڑ (ب) گٹھری (ج) بالیاں (د) ڈھیری

سوال نمبر 6: امام اعظم کے نزدیک خیار شرط کی زیادہ سے زیادہ مدت کتنے دن ہے؟

(الف) 0 (ب) 1 (ج) 3 (د) 7

سوال نمبر 7: اندھے کی خرید و فروخت کا کیا حکم ہے؟

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) باطل (د) فاسد

سوال نمبر 8: "وکل ما اوجب نقصان الثمن فی عادة التجار" یہ کس کی تعریف ہے؟

(الف) شرط (ب) رؤیت (ج) عیب (د) رہن

سوال نمبر 9: "لت السویق بسمن" میں "السویق" کا مطلب کیا ہے؟

(الف) گھی (ب) پنیر (ج) ستو (د) گندم

سوال نمبر 10: مردار کی خرید و فروخت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) نافذ (ب) فاسد (ج) موقوف (د) جائز

سوال نمبر 11: خون کی خرید و فروخت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) نافذ (ب) فاسد (ج) موقوف (د) جائز

سوال نمبر 12: خمر (شراب) کی خرید و فروخت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) نافذ (ب) فاسد (ج) موقوف (د) جائز

سوال نمبر 13: خنزیر کی خرید و فروخت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) نافذ (ب) فاسد (ج) موقوف (د) جائز

سوال نمبر 14: آزاد کی خرید وفروخت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) نافذ (ب) فاسد (ج) موقوف (د) جائز

سوال نمبر 15: ام ولد کی خرید وفروخت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) نافذ (ب) فاسد (ج) موقوف (د) جائز

سوال نمبر 16: مدبر کی خرید وفروخت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) نافذ (ب) فاسد (ج) موقوف (د) جائز

سوال نمبر 17: مرابحہ میں بائع کی خیانت پر مشتری آگاہ ہو جائے تو کس کے نزدیک اختیار حاصل ہوگا؟

(الف) امام اعظم (ب) امام محمد (ج) امام ابو یوسف (د) امام زفر

سوال نمبر 18: قبضہ سے پہلے زمین کو بیچنا کس کے نزدیک ناجائز ہے؟

(الف) امام اعظم (ب) امام محمد (ج) امام ابو یوسف (د) امام زفر

سوال نمبر 19: گندم کو آٹے کے بدلے بیچنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) خلافِ اولی (د) مکروہ تنزیہی

سوال نمبر 20: "ھو البیع اذا کان کل واحد من عوضیہ من جنس الاثمان" یہ کس کی تعریف ہے؟

(الف) صرف (ب) ہبہ (ج) اجارہ (د) وقف

سوال نمبر 21: رہن۔۔۔سے تام ہوتا ہے۔

(الف) ایجاب (ب) قبول (ج) قبضہ (د) رؤیت

سوال نمبر 22: حجر کے کتنے اسباب ہیں؟

(الف) 3 (ب) 5 (ج) 7 (د) 9

سوال نمبر 23: امام اعظم کے نزدیک لڑکا کب بالغ ہوگا جبکہ اس میں علامت بلوغت ظاہر نہ ہو۔

(الف) 15 سال (ب) 16 سال (ج) 18 سال (د) 20 سال

سوال نمبر 24: "وان اقر لہ بسیف فلہ النصل" میں "النصل" کا معنی کیا ہے؟

(الف) بلیڈ (ب) دستہ (ج) میان (د) کمان

سوال نمبر 25: اجیر کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 6 (د) 8

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

KANZUL MADARIS BOARD

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال اول** | پرچہ: **چوتھا** | مضمون: **علوم الفقہ**

تاریخ: **15-02-2024** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: خاص کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 2: خاص کے مقابلے میں خبر واحد و قیاس کو کب چھوڑا جائے؟

سوال نمبر 3: چوری شدہ چیز کے ہلاک ہونے اور چور کا ہاتھ کاٹنے کے بعد چور سے تاوان کیوں نہیں لیا جائے گا؟

سوال نمبر 4: کتاب اللہ کے مطلق کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "وارکعوا مع الراکعین" میں مطلق کیا چیز ہے اور اس مطلق پر کون سی چیز کی زیادتی منع ہے؟

سوال نمبر 6: مشترک کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: حکم شرع سے مؤول کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: صریح کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: محل کلام کی دلالت کی بناء پر لفظ کے حقیقی معنی کو چھوڑنے کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: امر کی شرعی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: امر بالفعل تکرار کا تقاضہ نہیں کرتا اس کی مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: لفظ میں جب حقیقی اور مجازی معنی مراد لیا جاسکتا ہو تو کون سا معنی مراد لینا اولی ہے؟

سوال نمبر 13: "حرمت علیکم المیتة" کیا اس آیت سے یہ دلیل لی جا سکتی ہے کہ پانی میں مکھی مر جائے تو پانی نجس ہو جائے گا؟

سوال نمبر 14: واو عاطفہ کا اصول فقہ کی روشنی میں حقیقی معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: واو حالیہ کی مثال احکام شرع سے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: فاء تعقیب مع الوصل کہاں اور کیوں استعمال ہوتا ہے؟

سوال نمبر 17: وضو میں کہنیاں، ہاتھ دھونے کے حکم میں کیوں شامل ہیں؟

سوال نمبر 18: بیان تقریر کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 19: عدم القائل بالفصل کی کون سی قسم حجت نہیں ہے؟

سوال نمبر 20: خبر مشہور کی تعریف تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: ثلاثة قروء میں قروء سے حیض یا طہر مراد لینے کی صورت میں جن مسائل میں اختلاف پیدا ہوتا ہے ان میں سے چار تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: انه علیه السلام سئل عن متروک التسمیة عامدا فقال: "کلوہ فان تسمیة اللہ تعالی فی قلب کل امریء مسلم"

اس روایت پر احناف کا عمل ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو کیوں؟ اور مذکورہ روایت کا جواب کیا ہے؟

سوال نمبر 3: افعال حسیہ سے نہی کی 3 اور تصرفات شرعیہ کی 2 مثالیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: ثُمَّ کے حقیقی معنی میں امام اعظم و صاحبین کا اختلاف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "خبر الواحد حجة فی اربعة مواضع" اس عبارت میں "اربعة مواضع" سے کون کون سے چار مقام مراد ہیں؟

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**<br>**کنز المدارس بورڈ پاکستان**<br>درجہ: **خاصہ سال اول** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **علوم الفقہ**<br>تاریخ: **15-02-2024** دن: **جمعرات** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**<br>مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: __________ | رول نمبر: ______________<br><br>دستخط طالب علم: ___________ |

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر1: مصنف اصول الشاشی نے کون سے امام پر صراحۃً سلام بھیجا ہے؟

(الف) امام ابو حنیفہ (ب) امام شافعی (ج) امام مالک (د) امام احمد بن حنبل

سوال نمبر2: "زید" مندرجہ ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) تخصیص الفرد (ب) تخصیص النوع (ج) تخصیص الجنس (د) تخصیص الفصل

سوال نمبر3: عام معنوی کی کون سی مثال کتاب میں مذکور ہے؟

(الف) مسلمون (ب) مشرکون (ج) مَنْ (د) مؤمنون

سوال نمبر4: "یتربصن بانفسھن ثلاثۃ قروء" کی مثال میں مصنف نے کون سے کلمہ کے خاص ہونے کی صراحت کی ہے؟

(الف) یتربصن (ب) انفس (ج) ثلاثۃ (د) قروء

سوال نمبر5: عام کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 5

سوال نمبر6: سورۃ الفاتحہ کو نماز میں پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (د) مستحب

سوال نمبر7: جانور کو ذبح کرتے وقت جان بوجھ کر بسم اللہ چھوڑنے سے جانور۔۔۔ ہو جائے گا۔

(الف) حلال (ب) حرام (ج) مکروہ تحریمی (د) مکروہ تنزیہی

سوال نمبر8: عام کی تخصیص خبر واحد اور قیاس کے ذریعے۔۔۔تک ہوتی ہے؟

(الف) 2افراد (ب) 3افراد (ج) 4افراد (د) 5افراد

سوال نمبر9: وضو میں چہرہ، ہاتھ وغیرہ دھونے کے فرض ہونے کا ثبوت مندرجہ ذیل میں سے کون سی دلیل سے ہے؟

(الف) قرآن (ب) حدیث (ج) اجماع (د) قیاس

سوال نمبر10: کتاب اللہ سے زنا کی حد کتنے کوڑے بنتے ہیں؟

(الف) 80 (ب) 90 (ج) 100 (د) 120

سوال نمبر11: طواف کے لئے وضو کا واجب ہونا کون سی دلیل سے ثابت ہے۔

(الف) قرآن (ب) حدیث (ج) اجماع (د) قیاس

سوال نمبر12: مصنف نے یہ قول کس کی طرف منسوب کیا ہے کہ "المظاھر اذا جامع امراتہ فی خلال الاطعام لا یستانف الاطعام"

(الف) امام ابو حنیفہ (ب) امام شافعی (ج) امام مالک (د) امام احمد بن حنبل

سوال نمبر13: "اذا تعین الواحد مرادا بہ سقط اعتبار ارادۃ غیرہ" یہ کس کا حکم ہے؟

(الف) مطلق (ب) مقید (ج) مشترک (د) مؤول

سوال نمبر14: "انت علی مثل امی لا یکون مظاھرا" میں "انت علی مثل امی" مندرجہ ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) مطلق (ب) مقید (ج) مشترک (د) مؤول

سوال نمبر15: "و لو ترجح بعض وجوہ المشترک ببیان من قبل المتکلم کان۔۔۔" عبارت کی روشنی میں بتائیں کہ "کان" کی خبر کیا ہے؟

(الف) مؤولا (ب) مقیدا (ج) مفسرا (د) مطلقا

سوال نمبر16: حقیقت کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 5 (د) 7

سوال نمبر17: لفظ کے حق میں مجاز حقیقت کا خلیفہ کس کے نزدیک ہے؟

(الف) امام اعظم ابو حنیفہ (ب) امام محمد (ج) امام ابو یوسف (د) الف، ب اور ج

سوال نمبر18: یہ کس کی تعریف ہے؟ "لفظ یکون المراد بہ ظاھرا"

(الف) مطلق (ب) مقید (ج) صریح (د) مؤول

سوال نمبر19: متقابلات کی تعداد کتنی ہے؟

(الف) 3 (ب) 6 (ج) 8 (د) 10

سوال نمبر20: ظاہر کا مقابل کون ہے؟

(الف) نص (ب) خفی (ج) مشکل (د) محکم

سوال نمبر21: "ھو ما ازداد قوۃ علی المفسر بحیث لا یجوز خلافہ اصلا" یہ کس کی تعریف ہے؟

(الف) نص (ب) محکم (ج) مشکل (د) متشابہ

سوال نمبر22: سورتوں کے شروع میں حروف مقطعات مندرجہ ذیل میں سے کیا کہلاتے ہیں؟

(الف) نص (ب) محکم (ج) متشابہ (د) مشکل

سوال نمبر23: "اعتقاد حقیۃ المراد بہ حتی یاتی البیان" یہ مندرجہ ذیل میں سے کس کا حکم ہے؟

(الف) نص (ب) مجمل (ج) مشکل (د) محکم

سوال نمبر24: "فھی ما ثبت بنظم النص من غیر زیادۃ و ھو غیر ظاھر من کل وجہ و لا سیق الکلام لاجلہ" یہ کس کی تعریف ہے؟

(الف) عبارۃ النص (ب) اشارۃ النص (ج) دلالۃ النص (د) اقتضاء النص

سوال نمبر25: "عموم الحکم المنصوص علیہ لعموم علتہ" یہ کس کا حکم ہے؟

(الف) عبارۃ النص (ب) اشارۃ النص (ج) دلالۃ النص (د) اقتضاء النص

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

KANZUL MADARIS BOARD

درجہ: خاصہ سال اول | پرچہ: پانچواں | مضمون: التاریخ+التربیۃ المدنیۃ

تاریخ: 17-02-2024 | دن: ہفتہ | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________


## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: نبی کریم ﷺ کے فرمان کے مطابق بتائیے کہ دین کی ابتدا کس سے ہوئی؟

سوال نمبر 2: خواجہ سراؤں کو خدمت کے لئے سب سے پہلے کس نے مقرر کیا؟

سوال نمبر 3: سیدتنا عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اشعار پڑھنے کے متعلق کیا کہنا ہے؟

سوال نمبر 4: حضرت علی کرم اللہ تعالی وجہہ الکریم کے مطابق سب سے زیادہ شجاع ترین آدمی کون ہیں؟

سوال نمبر 5: کس وجہ سے نبی کریم ﷺ نے یہ فرمایا کہ صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بڑھ کر مجھ پر کسی کا احسان نہیں؟

سوال نمبر 6: صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت بلال حبشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کتنے مال میں خرید کر آزاد کیا تھا؟

سوال نمبر 7: انبیاء کرام علیہم السلام کی تدفین کی جگہ کے بارے میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی کریم ﷺ کا کون سا فرمان بیان کیا؟

سوال نمبر 8: بحرین کا مال آنے کے بعد صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا اعلان فرمایا؟

سوال نمبر 9: صحابہ کرام نے صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیماری پر طبیب لانے کی عرض کی تو صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا فرمایا؟

سوال نمبر 10: جب صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارگاہ میں شام کے بطریق "بنان" کا سر لایا گیا تو آپ نے سر لانے والوں کی کیا تربیت فرمائی؟

سوال نمبر 11: فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے زمین سے تنکا اٹھا کر کیا فرمایا؟

سوال نمبر 12: فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے بیٹے عبد اللہ کو خلیفہ نہ بنانے کی کیا وجہ ارشاد فرماتے ہیں؟

سوال نمبر 13: علم شہریت میں قانون کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 14: قانون کے تین ماخذ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: سنت تین طرح سے کیسے ہوتی ہے؟

سوال نمبر 16: شہریت کے حوالے سے دوہرا اصول کیا کہلاتا ہے؟

سوال نمبر 17: شہریت کے حوالے سے متبنّی بنانا کسے کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 18: معاشی حقوق سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 19: شہری کے 2 اخلاقی فرائض تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: دستور کی ارسطو نے کیا تعریف کی ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نسب وہاں تک تحریر کیجئے جہاں آپ کا نسب نبی کریم ﷺ سے جاملتا ہے۔

سوال نمبر 2: جمع قرآن کے متعلق حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ابتداءً کیا رائے تھی اور پھر کس طرح جمع قرآن کے لئے راضی ہوگئے؟

سوال نمبر 3: حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کے مطابق حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اسلام کا سبب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: اچھے شہری کی دس خوبیاں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: حقوق کی چار تعریفوں میں سے 3 تعریفیں تحریر کیجئے۔

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: یہ کس کا قول ہے کہ "ہم نے اپنے دنیاوی معاملات کے لئے اسی شخص کو مقدم کیا جسے حضور ﷺ نے ہمارے دین کے لئے منتخب فرمایا تھا۔

(الف) حضرت عمر　　(ب) حضرت عثمان　　(ج) حضرت علی　　(د) حضرت امیر معاویہ

سوال نمبر 2: رسول اللہ ﷺ کے فرمان کے مطابق حکومت (امامت) ۔۔۔ کے لئے خاص ہے۔

(الف) انصار　　(ب) مہاجرین　　(ج) قریش　　(د) مکہ والوں

سوال نمبر 3: یہ قصیدہ "بانت سعاد فقلبي اليوم متبول" نبی کریم ﷺ نے کس سے سن کر انہیں چادر عطا فرمائی؟

(الف) حضرت حسان بن ثابت　　(ب) حضرت کعب بن زہیر　　(ج) حضرت علی　　(د) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 4: فاتحہ، واسطہ اور خاتمہ کسے کہا جاتا ہے؟

(الف) بنو امیہ　　(ب) بنو عباس　　(ج) بنو ہاشم　　(د) بنو تمیم

سوال نمبر 5: سب سے پہلے بیت المال کس نے قائم کیا؟

(الف) حضرت ابو بکر　　(ب) حضرت عمر　　(ج) حضرت عثمان　　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 6: سب سے پہلے درہ کس نے بنوایا؟

(الف) حضرت ابو بکر　　(ب) حضرت عمر　　(ج) حضرت عثمان　　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 7: سب سے پہلے اپنی والدہ کی زندگی میں خلیفہ کون مقرر ہوئے؟

(الف) حضرت ابو بکر　　(ب) حضرت عمر　　(ج) حضرت عثمان　　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 8: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی روایت کے مطابق ابو قحافہ کے کتنے بیٹے تھے؟

(الف) 2　　(ب) 3　　(ج) 4　　(د) 6

سوال نمبر 9: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کی پیدائش پر ۔۔۔ نے یہ دعا کی "الہی یہ بچہ موت کے چنگل سے آزاد رہا ہے اب اسے مجھے عنایت کر دے"

(الف) والد　　(ب) والدہ　　(ج) دادا　　(د) چچا

سوال نمبر 10: نبی کریم ﷺ معراج سے واپسی پر کون سے مقام پر پہنچے؟ تو جبریل علیہ السلام نے عرض کی کہ آپ کی تصدیق حضرت ابو بکر کریں گے۔

(الف) ذی طوی　　(ب) جبل رحمت　　(ج) عرفات　　(د) مزدلفہ

سوال نمبر 11: صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

(الف) سلمی　　(ب) فاطمہ　　(ج) زلیخا　　(د) حنہ

سوال نمبر 12: کون سی جنگ میں فرشتوں نے ایک دوسرے کو خوشخبری دی؟ کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالی عنہ، حضور ﷺ کے ساتھ ہیں۔

(الف) حنین　　(ب) بدر　　(ج) احد　　(د) تبوک

سوال نمبر 13: مندرجہ ذیل میں سے سب سے پہلے خطیب کون ہیں؟

(الف) حضرت ابو بکر　　(ب) حضرت عمر　　(ج) حضرت عثمان　　(د) حضرت علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر14: یہ کس کا شعر ہے؟ "و ثانی اثنین فی الغار المنیف و قد:: طاف العدو بہ اذ صعد الجبلا"

(الف) حضرت حسان بن ثابت (ب) حضرت کعب بن زہیر (ج) حضرت علی (د) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر15: علم الفرائض جاننے میں سب سے بہتر مندرجہ ذیل میں سے کس کو کہا جاتا ہے؟

(الف) حضرت حسان بن ثابت (ب) حضرت کعب بن زہیر (ج) حضرت زید بن ثابت (د) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر16: انگریزی لفظ Law قدیم لفظ Lag سے ماخوذ ہے۔ Lag کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) جرمن (ب) فرانسیسی (ج) یونانی (د) چینی

سوال نمبر17: قانون کے حوالے سے غیر ضروری ماخذ کی نشاندہی کیجئے۔

(الف) رسم ورواج (ب) علمی تشریحات (ج) تقسیم اختیارات (د) عدالتی فیصلے

سوال نمبر18: آرڈیننس (Ordinance) کون جاری کرتا ہے؟

(الف) اٹارنی جنرل (ب) سربراہ مملکت (ج) چیف جسٹس (د) سپریم کورٹ

سوال نمبر19: جدید تصور آزادی کے مطابق آزادی کے کتنے پہلو ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر20: قانون کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) عربی (ب) یونانی (ج) جاپانی (د) اردو

سوال نمبر21: قانون کی اقسام ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر22: کس ملک کے قانون کا تین چوتھائی حصہ رسمی قانون پر مبنی ہے؟

(الف) امریکہ (ب) برطانیہ (ج) چین (د) فرانس

سوال نمبر23: قانون کی سب سے قدیم اور ابتدائی شکل۔۔۔ہے۔

(الف) ماہرین کی رائے (ب) رسم ورواج (ج) مذہب (د) عدالتی فیصلے

سوال نمبر24: کس نظریہ کے مطابق آزادی اور قانون ایک دوسرے سے بالکل متضاد ہیں؟

(الف) مثالیت پسند (ب) جمہوریت پسند (ج) انفرادیت پسند (د) آمریت پسند

سوال نمبر25: قدیم یونان میں ریاست کو کیا کہا جاتا تھا؟

(الف) چھوٹی ریاست (ب) ملکی ریاست (ج) شہری ریاست (د) صوبائی ریاست

رول نمبر: _______________

جوابی کاپی نمبر: _____________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال اول** | پرچہ: **چھٹا** | مضمون: **النحو**

تاریخ: **19-02-2024** | دن: **پیر** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "أَلقَى" معتل الآخر کی کون سی قسم ہے؟

سوال نمبر 2: "ذئب" کو فعل معتلة الآخر کا فاعل بنائیے۔

سوال نمبر 3: "دَعَا، صَفَا اور رَضِيَ" کا فعل مضارع بنائیے۔

سوال نمبر 4: " الدراجةُ مُسرِعَةٌ" میں "الدراجة" معرب کیوں ہے؟

سوال نمبر 5: معرب کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: "كَمْ" کے آخر کو سکون لازم ہونے کی وجہ سے کیا کہا جائے گا؟

سوال نمبر 7: "الطائر يحوم" میں "الطائر" مرفوع کیوں ہے؟

سوال نمبر 8: ایک ایسا جملہ بنائیں جس میں " القطار" حالت رفعی میں ہو۔

سوال نمبر 9: ایسے تین جملے بنائیے جن میں فعل ماضی مبنی بر فتحہ استعمال ہو۔

سوال نمبر 10: "يطبخ" کو مبنی بر فتح بنا کر جملہ میں استعمال کیجئے۔

سوال نمبر 11: اسم مقصور کی تعریف عربی میں کیجئے۔

سوال نمبر 12: اسم منقوص کا تینوں حالتوں میں اعراب کیا ہوگا؟

سوال نمبر 13: " جَلَسْتُ لِأَسْتَرِيْحَ" میں لام کون سا ہے؟

سوال نمبر 14: ایک ایسا جملہ بنائیں جس میں لام جحود کے بعد "اَنْ" مقدرہ ہو۔

سوال نمبر 15: فعل کو جزم دینے والے کوئی سے تین حروف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: تثنیہ کی تعریف عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: فعل ماضی میں علامت تانیث کیا ہے؟

سوال نمبر 18: "القلم" کی خبر لا کر جملہ بنائیے۔

سوال نمبر 19: "عَلَمْ" کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: معرب کلمات کے آخر کے احوال کون کون سے ہیں؟ اور ان احوال کو کس نام سے جانا جاتا ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: " لا تعذبن الحيوانَ" کی عربی میں ترکیب کیجئے۔

سوال نمبر 2: کون کون سے حروف کے بعد، فعل مضارع سے پہلے "اَنْ" وجوبی طور پر مقدر ہوتا ہے؟

سوال نمبر 3: "یاکل" اور "یفتح" کے ساتھ الف تثنیہ (مذکر و مؤنث دونوں) کا لگا کر جملہ بنائیے۔

سوال نمبر 4: نجوم، بساتین، مؤمنات اور بحار کا مفرد بنا کر جملے میں استعمال کیجئے۔

سوال نمبر 5: "زرتُ حديقة الحيوان انا و بعض اصدقائی، فرأينا فيها كثيرا من الناس قد اجتمعوا امام الاسد، وهو جاثم كانه الملك المتوج"
مذکورہ عبارت میں سے 5 ضمیریں نکال کر اُن کا محل اعراب بیان کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| KANZUL MADARIS BOARD | **سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**<br>کنزالمدارس بورڈ پاکستان<br>درجہ: **خاصہ سال اول**    پرچہ: **چھٹا**    مضمون: **النحو**<br>تاریخ: **19-02-2024**    دن: **پیر**    کل وقت: **30 منٹ**    کل نمبر: **25**<br>مرکز امتحان:__________ دستخط نگران مرکز امتحان:__________ دستخط ممتحن:__________ | رول نمبر:__________<br><br>دستخط طالب علم:__________ |

# حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: "سَرْوَ" مندرجہ ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) معتل الآخر بالواو    (ب) معتل الآخر بالیاء    (ج) معتل الآخر بالالف    (د) صحیح الآخر

سوال نمبر 2: کون سی مثال میں "الذئب" فاعل ہے؟

(الف) اُكِلَ اللحم بالذئب    (ب) الذئب اكل اللحم    (ج) اكل الذئب اللحم    (د) اكل الحداة الذئب

سوال نمبر 3: "عَمِيَ" مندرجہ ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) معتل الآخر بالواو    (ب) معتل الآخر بالیاء    (ج) معتل الآخر بالالف    (د) صحیح الآخر

سوال نمبر 4: "كَمْ" مندرجہ ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) مبنی بر سکون    (ب) مبنی بر فتح    (ج) مبنی بر ضم    (د) مبنی بر کسر

سوال نمبر 5: "رایتُ الطائر یحوم" میں "الطائر" ترکیب کلام میں کیا بنے گا؟

(الف) فاعل    (ب) نائب الفاعل    (ج) مفعول بہ    (د) حال

سوال نمبر 6: معرب کلمات کے آخر کے احوال کتنے ہیں؟

(الف) 2    (ب) 3    (ج) 4    (د) 5

سوال نمبر 7: مندرجہ ذیل مثالوں میں سے کونسی مثال میں "القطار" مرفوع ہے؟

(الف) هذا القطار    (ب) رایت القطار    (ج) نظرت الی القطار    (د) اشتریت القطار

سوال نمبر 8: مندرجہ ذیل مثالوں میں سے کونسی مثال میں "یکتب" منصوب ہے؟

(الف) یکتب    (ب) لم یکتب    (ج) لن یکتب    (د) لما یکتب

سوال نمبر 9: "خَرَجْنَا الی الحقول" مذکورہ مثال میں فعل ماضی کون سی حالت میں ہے؟

(الف) مبنی بر سکون    (ب) مبنی بر فتح    (ج) مبنی بر ضم    (د) مبنی بر کسر

سوال نمبر 10: "سَبَحَ" سے مبنی بر ضم کونسا صیغہ بنے گا؟

(الف) سبحا    (ب) سبحن    (ج) سبحوا    (د) سبحتم

سوال نمبر 11: "كَتَبَ" سے فعل امر مبنی بر سکون مندرجہ ذیل میں سے کونسا صیغہ ہے؟

(الف) اکتب    (ب) اُكْتُبَا    (ج) اُكْتُبُوا    (د) اُكْتُبِي

سوال نمبر 12: "یجلسان" سے فعل امر کون سا صیغہ بنے گا؟

(الف) اجلسا    (ب) لیجلسا    (ج) اجلس    (د) اجلسوا

سوال نمبر 13: مبنی کلمات کے آخر کے احوال کی تعداد کتنی ہے؟

(الف) 2    (ب) 3    (ج) 4    (د) 5

سوال نمبر 14: "یرتقی" کا ماضی مندرجہ ذیل میں سے کیا ہے؟

(الف) رقی (ب) ارتقی (ج) انرقی (د) استرقی

سوال نمبر 15: مندرجہ ذیل میں سے کون سا صیغہ معتل الآخر ہے؟

(الف) ضربوا (ب) یدعو (ج) اضربوا (د) تقبلوا

سوال نمبر 16: "لایستطیع الانسان ان یعیش منفردا" میں سے کون سا کلمہ مبنی بر سکون ہے؟

(الف) الانسان (ب) ان (ج) یعیش (د) منفردا

سوال نمبر 17: مندرجہ ذیل مثالوں میں سے کون سی مثال میں "مَنْ" فاعل ہے؟

(الف) من ابوک (ب) من جاء (ج) جاء من نادیته (د) الجائزة لمن یسبق

سوال نمبر 18: "یشتد الحر فی الصیف" میں "الحر" ترکیب کلام میں کیا بنے گا؟

(الف) فاعل (ب) نائب الفاعل (ج) مفعول بہ (د) حال

سوال نمبر 19: "لاتُعَذِّبَنَّ الحیوان" میں "الحیوان" ترکیب کلام میں کیا بنے گا؟

(الف) فاعل (ب) نائب الفاعل (ج) مفعول بہ (د) حال

سوال نمبر 20: لام جحود کے بعد، فعل مضارع سے پہلے "انْ" ---پوشیدہ ہوتا ہے۔

(الف) جوازا (ب) وجوبا (ج) ممنوعا (د) احتیاطا

سوال نمبر 21: "حَضَرَ من ساعدناه" میں مفعول بہ کی تعیین کیجئے۔

(الف) من (ب) نا (ج) ہ (د) من ساعدناه

سوال نمبر 22: مبنی الاصل ہوتی ہیں؟

(الف) 3 چیزیں (ب) 2 چیزیں (ج) 4 چیزیں (د) 5 چیزیں

سوال نمبر 23: الفعل الصحیح الآخر: "ھو مالم یکن---حرفا من احرف العلة الثلاثة"

(الف) اوَّلُه (ب) آخِرُہ (ج) وَسطُه (د) لم یکن منها

سوال نمبر 24: الفعل المعتل الآخر: "ھو ما کان آخرہ الفاً اَوْ وَاوا اَوْ---"

(الف) یاءً (ب) باءً (ج) تاءً (د) لاماً

سوال نمبر 25: مندرجہ ذیل میں سے کون صحیح الآخر ہے؟

(الف) دعو (ب) رضی (ج) ظَلَمَ (د) لم یدع

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

درجہ: خاصہ سال اول | پرچہ: ساتواں | مضمون: المنطق

تاریخ: 20-02-2024 | دن: منگل | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: علم کی کوئی ایک تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: حکماء کے نزدیک تصدیق کی کیا تعریف ہے؟

سوال نمبر 3: تصور بدیہی کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: علم منطق کو میزان کہنے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: منطق کی کتابوں میں لفظوں کی بحث کیوں کی جاتی ہے؟

سوال نمبر 6: موضوع کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: دلالت مطابقیہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: عَلَم کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: قضیہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: حملیہ کے کون کون سے اجزاء ہیں؟

سوال نمبر 11: منطقی موضوع و محمول کو ب، ج وغیرہ سے کیوں تعبیر کرتے ہیں؟

سوال نمبر 12: عرض عام کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: قضیہ طبعیہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 14: قضیہ معدولہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: شرطیہ متصلہ میں موجبہ کلیہ کا کیا سور آتا ہے؟

سوال نمبر 16: عکس مستوی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 17: اشکال اربعہ میں سے کون سی شکل کا نتیجہ بدیہی ہوتا ہے؟

سوال نمبر 18: مشاہدات کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 19: قیاس شعری کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: برہان انّی کسے کہتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: فان قلت: "لا نسلم ان یوجد معنی لا لازم له۔۔۔ الخ"

اس عبارت سے ایک اعتراض کی طرف اشارہ ہے۔ اعتراض وجواب اردو میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: لفظ متکثر المعنی کی اقسام کو وجہ حصر کی صورت میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: رسم تام اور حد ناقص کی تعریف مع امثلہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: محصورات اربعہ مثالوں کے ساتھ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: قیاس خلف کے مرجع کتنے اور کون کون سے ہیں؟

رول نمبر: ____________

دستخط طالب علم: __________

**سالانہ امتحان2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: خاصہ سال اول　　پرچہ: ساتواں　　مضمون: المنطق

تاریخ: 20-02-2024　　دن: منگل　　کل وقت: 30 منٹ　　کل نمبر: 25

مرکز امتحان: ___________ دستخط نگران مرکز امتحان: ___________ دستخط مفتش: __________

KANZUL MADARIS BOARD

# حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔(25=1x25)**

سوال نمبر 1: حضور نبی کریم ﷺ اس وقت بھی نبی تھے جبکہ ۔۔۔ پانی اور مٹی کے درمیان تھے۔

(الف) نوح علیہ السلام　(ب) آدم علیہ السلام　(ج) موسیٰ علیہ السلام　(د) عیسیٰ علیہ السلام

سوال نمبر 2: مقدمہ مرقات میں علم کی کتنی تعریفات بیان کی گئی ہیں؟

(الف) 3　(ب) 5　(ج) 6　(د) 7

سوال نمبر 3: "برودۃ" مندرجہ ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) تصور بدیہی　(ب) تصور نظری　(ج) تصدیق بدیہی　(د) تصدیق نظری

سوال نمبر 4: "جن" مندرجہ ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) تصور بدیہی　(ب) تصور نظری　(ج) تصدیق بدیہی　(د) تصدیق نظری

سوال نمبر 5: علم منطق کس کے لئے ترازو ہے؟

(الف) آنکھوں　(ب) عقل　(ج) دل　(د) کان

سوال نمبر 6: منطق کا معلم اول کسے کہا گیا ہے؟

(الف) ابن سینا　(ب) امام رازی　(ج) ارسطاطالیس　(د) ابن بطوطہ

سوال نمبر 7: دلالت کا لغوی معنی کیا ہے؟

(الف) الحبس　(ب) الارشاد　(ج) القید　(د) الحلوۃ

سوال نمبر 8: دلالت کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) 2　(ب) 4　(ج) 5　(د) 7

سوال نمبر 9: لفظ زید کی اپنے مسمّٰی پر دلالت کون سی ہے؟

(الف) لفظیہ وضعیہ　(ب) غیر لفظیہ وضعیہ　(ج) لفظیہ عقلیہ　(د) غیر لفظیہ طبعیہ

سوال نمبر 10: " والاولی ان یسمی ھذاالقسم بـــ"الجزئی الحقیقی" عبارت میں "ھذاالقسم" سے کیا مراد ہے؟

(الف) عِلم　(ب) عَلَم　(ج) متواطی　(د) مشکک

سوال نمبر 11: "عین" مندرجہ ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) مشترک　(ب) مجاز　(ج) متواطی　(د) مشکک

سوال نمبر 12: "دابۃ" مندرجہ ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) منقول عرفی　(ب) منقول اصطلاحی　(ج) منقول شرعی　(د) مشترک

سوال نمبر 13: "غیم" کا مرادف کیا ہے؟

(الف) اسد　(ب) لیث　(ج) غیث　(د) غضنفر

سوال نمبر14: مفہوم کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 5 (د) 7

سوال نمبر15: انسان اور فرس کے درمیان کون سی نسبت ہے؟

(الف) عموم خصوص مطلق (ب) عموم خصوص من وجہ (ج) تباین (د) تساوی

سوال نمبر16: ابیض اور حیوان کے درمیان کون سی نسبت ہے؟

(الف) عموم خصوص مطلق (ب) عموم خصوص من وجہ (ج) تباین (د) تساوی

سوال نمبر17: کلیات کی تعداد کتنی ہے؟

(الف) 2 (ب) 4 (ج) 5 (د) 7

سوال نمبر18: حیوان مندرجہ ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) جنس (ب) فصل (ج) خاصہ (د) عرض عام

سوال نمبر19: "کلی مقول علی کثیرین متفقین بالحقائق فی جواب ماھو" یہ کس کی تعریف ہے؟

(الف) جنس (ب) خاصہ (ج) نوع (د) فصل

سوال نمبر20: مقولات عشرہ میں سے عرض والے مقولات کتنے ہیں؟

(الف) 3 (ب) 6 (ج) 9 (د) 12

سوال نمبر21: جس فصل کی نسبت جنس کی طرف ہو اسے ---کہتے ہیں۔

(الف) سافل (ب) عالی (ج) مقسم (د) مقوم

سوال نمبر22: جنس بعید اور خاصہ سے یا صرف خاصہ سے کون سی تعریف بنتی ہے؟

(الف) رسم ناقص (ب) رسم تام (ج) حد ناقص (د) حد تام

سوال نمبر23: معرف الشیء (تعریفات) میں کون سی چیز کو دخل نہیں؟

(الف) جنس (ب) فصل (ج) عرض عام (د) نوع

سوال نمبر24: قضیہ کی دو قسموں میں سے ایک حملیہ ہے، دوسری کا نام کیا ہے؟

(الف) اقترانیہ (ب) شرطیہ (ج) استثنائیہ (د) جزئیہ

سوال نمبر25: شرطیہ کے کون سے جزء کو تالی کہتے ہیں؟

(الف) پہلے (ب) دوسرے (ج) تیسرے (د) چوتھے

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال اول** | پرچہ: **آٹھواں** | مضمون: **البلاغة**

تاریخ: **21-02-2024** | دن: **بدھ** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75**

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "الظش" کلمہ فصیح کیوں نہیں؟

سوال نمبر 2: "مو ددة" کس کی مثال ہے؟

سوال نمبر 3: غرابت کی تین مثالیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: فصاحت الکلام کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: بلاغت کی لغوی واصطلاحی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: صدق الخبر سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 7: کون سے مبتدا کو مسند الیہ کہتے ہیں؟

سوال نمبر 8: کلام طلبی کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: نداء کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: کلام کو مطلق لانے کا حکم کب ہے؟

سوال نمبر 11: دروس البلاغہ کی روشنی میں حروف نفی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: "ان ھذا الا ملک کریم" میں قصر کا کون سا طریقہ استعمال ہوا ہے؟

سوال نمبر 13: اداۃ تشبیہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: تشبیہ بلیغ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: "ماذکر فیہ وجہ الشبہ" یہ کس کی تعریف ہے؟

سوال نمبر 16: تشبیہ مقلوب کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 17: استعارہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: مرشحہ کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: مجاز عقلی کے کوئی تین علاقے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: تشابہ الاطراف کی تعریف تحریر کیجئے۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: دو جملوں کے درمیان پائے جانے والے اتحاد تام کی کوئی دو صورتیں امثلہ کے ساتھ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: قصر، قصر حقیقی و قصر اضافی کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: علم المعانی کی تعریف اور کتاب میں موجود مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: فائدۃ الخبر اور لازم فائدۃ الخبر مثال کے ساتھ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: مساواۃ وایجاز کی تعریف اور اطناب کی مثال تحریر کیجئے۔

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ____________ | **سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**<br>**کنزالمدارس بورڈ پاکستان** | KANZUL MADARIS BOARD |
| | درجہ: **خاصہ سال اول** — پرچہ: **آٹھواں** — مضمون: **البلاغۃ** | |
| دستخط طالب علم: __________ | تاریخ: **21-02-2024** — دن: **بدھ** — کل وقت: **30 منٹ** — کل نمبر: **25** | |
| | مرکز امتحان: ____________ دستخط نگران مرکز امتحان: ____________ دستخط مفتش: __________ | |

## حصہ اول: معروضی
## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: بیان اور ظہور کس کا معنی ہے؟

(الف) بلاغت　(ب) فصاحت　(ج) غرابت　(د) کنایہ

سوال نمبر 2: کھردری جگہ کے لئے کون سا لفظ استعمال ہوتا ہے؟

(الف) الھعخع　(ب) الظش　(ج) الماء　(د) اللبن

سوال نمبر 3: "کون الکلمۃ غیر جاریۃ علی القانون الصرفی" یہ کس کی تعریف ہے؟

(الف) تنافر حروف　(ب) مخالفۃ قیاس　(ج) ضعف تالیف　(د) تنافر کلمات

سوال نمبر 4: "افرنقع" کا معنی کیا ہے؟

(الف) اجتمع　(ب) انصرف　(ج) انصرم　(د) احرنجم

سوال نمبر 5: "سنمار" ۔۔۔ کا نام ہے۔

(الف) مکان　(ب) آدمی　(ج) سیارے　(د) جگہ

سوال نمبر 6: "نشر الملک عیونہ فی المدینۃ" مندرجہ ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) تنافر حروف　(ب) تعقید　(ج) فصاحت　(د) تنافر کلمات

سوال نمبر 7: کلام اور متکلم کس کا وصف بنتا ہے؟

(الف) مخالفت قیاس　(ب) بلاغت　(ج) تعقید　(د) ضعف تالیف

سوال نمبر 8: حال کا دوسرا نام کیا ہے؟

(الف) مقتضی حال　(ب) اعتبار مناسب　(ج) مقام　(د) بیان

سوال نمبر 9: علم البیان کے ذریعے کس کی پہچان ہوتی ہے؟

(الف) تنافر حروف　(ب) مخالفۃ قیاس　(ج) تعقید معنوی　(د) تنافر کلمات

سوال نمبر 10: احوال اور مقتضی حال کی معرفت کس سے ہوتی ہے؟

(الف) علم البدیع　(ب) علم المعانی　(ج) نحو　(د) صرف

سوال نمبر 11: علم المعانی میں کتنے ابواب ہیں؟

(الف) 4　(ب) 6　(ج) 8　(د) 12

سوال نمبر 12: "اقم یا علی" مندرجہ ذیل میں سے کس کی مثال ہے؟

(الف) انشاء　(ب) خبر　(ج) خبریہ　(د) معترضہ

سوال نمبر 13: موسیٰ علیہ السلام کا قول "رب انی لما انزلت الی من خیر فقیر" میں خبر کونسی غرض کے لئے لائی گئی ہے؟

(الف) استرحام　(ب) اظہار ضعف　(ج) اظہار تحسر　(د) اظہار الفرح

سوال نمبر14: تاکید پائی جانے یا نہ پائی جانے کے اعتبار سے خبر کی کتنی قسمیں ہیں؟

(الف)2 (ب)3 (ج)5 (د)7

سوال نمبر15: "کلوا ممارزقکم اللہ" میں فعل امر کون سے معنی میں استعمال ہوا ہے؟

(الف)امتحان (ب)وجوب (ج)اختیار (د)امتنان

سوال نمبر16: دروس البلاغہ کی روشنی میں بتایئے کہ نہی کے کتنے صیغے ہیں؟

(الف)1 (ب)2 (ج)3 (د)4

سوال نمبر17: "ھو طلب العلم بشیء" کس کی تعریف ہے؟

(الف)امتحان (ب)استفہام (ج)امر (د)امتنان

سوال نمبر18: مندرجہ ذیل میں سے "تعیین عقلاء" کا فائدہ کس سے حاصل کیا جاتا ہے؟

(الف) من (ب) ما (ج) متی (د) ایان

سوال نمبر19: ادوات نداء (حروف نداء) کتنے ہیں؟

(الف)4 (ب)6 (ج)8 (د)12

سوال نمبر20: "رکب سیف الدولة" میں "سیف الدولة" بطور علم کس غرض کے لئے لایا گیا ہے؟

(الف) تعظیم (ب) تحقیر (ج) اھانة (د) تمسخر

سوال نمبر21: "ھذا ابن اللص" مذکورہ مثال دروس البلاغہ میں کس کی دی گئی ہے؟

(الف) تحقیر للمضاف (ب) تحقیر للمضاف الیه (ج) تعظیم للمضاف (د) تعظیم للمضاف الیه

سوال نمبر22: معین زمانے کے ساتھ وقت بیان کرنے کے لئے ۔۔۔ صیغہ استعمال ہوتا ہے۔

(الف) صرف ظَلَّ (ب) صرف بَاتَ (ج) الف، ب اور د (د) صرف اَصْبَحَ

سوال نمبر23: دروس البلاغہ میں اطلاق و تقیید کا کون سا باب ہے؟

(الف) تیسرا (ب) چوتھا (ج) پانچواں (د) چھٹا

سوال نمبر24: حروف نفی کی تعداد کتنی ہے؟

(الف)4 (ب)6 (ج)8 (د)12

سوال نمبر25: "حضر خالد الھمام" میں صفت کون سی غرض سے لائی گئی ہے؟

(الف) توبیخ (ب) مدح (ج) تاکید (د) توہین